رسول اللہ ﷺ نے رات کے ہر حصے میں نمازِ وتر پڑھی ہے رات کے ابتدائی حصے میں بھی، درمیان میں بھی اور آخر میں بھی اور آپ ﷺ کی وتر سحر تک ختم ہوجاتی

عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے رات کے ہر حصے میں نمازِ وتر پڑھی ہے رات کے ابتدائی حصے میں بھی، درمیان میں بھی اور آخر میں بھی اور آپ ﷺ کی وتر سحر تک ختم ہوجاتی
[صحیح] [متفق علیہ]

عائشہ رضی اللہ عنہا وتر پڑھنے کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں بتا رہی ہیں کہ آپ رات کو وتر کس وقت پڑھتے تھے وتر پڑھنے میں آپ ﷺ نے کوئی وقت خاص نہیں مقرر کیا تھا بلکہ رات کے پورے حصے میں وتر پڑھتے تھے کبھی رات کے شروع میں عشاء کی نماز کے بعد اور کبھی اس وقت کہ جب اللہ تعالی چاہتا، اور کبھی رات کے درمیانی حصے میں جب رات کا ایک تہائی حصے گزر چکا ہوتا اور کبھی رات کے آخری حصے میں پڑھتے جب رات دو تہائی گزر چکی ہوتی حتیٰ کہ رات کے بالکل آخری حصے تک چلے جاتے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5218

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY